# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON INTERIOR AND NARCOTICS CONTROL ON THE ISLAMABAD CAPITAL TERRITORY SENIOR CITIZENS (AMENDMENT) BILL, 2025

I, Chairman of the Standing Committee on Interior and Narcotics Control, have the honour to present this report on the Bill to amend the Islamabad Capital Territory Senior Citizens Act, 2021, [The Islamabad Capital Territory Senior Citizens (Amendment) Bill, 2025] (Private Member's Bill) referred to the Committee on the 13th May, 2025.

2. The Committee comprises the following:

| | | |
|---|---|---|
| (1) | **Raja Khurram Shahzad Nawaz** | **Chairman** |
| (2) | Mr. Anjum Aqeel Khan | Member |
| (3) | Chaudhary Naseer Ahmed Abbas | Member |
| (4) | Syeda Nosheen Iftikhar | Member |
| (5) | Malik Shakir Bashir Awan | Member |
| (6) | Ch. Muhammad Shahbaz Babar | Member |
| (7) | Haji Jamal Shah Kakar | Member |
| (8) | Syed Rafiullah | Member |
| (9) | Sardar Nabeel Ahmed Gabol | Member |
| (10) | Mr. Abdul Qadir Patel | Member |
| (11) | Nawabzada Mir Jamal Khan Raisani | Member |
| (12) | Khawaja Izhar Ul Hassan | Member |
| (13) | Ms. Rana Ansar | Member |
| (14) | Mr. Muhammad Ijaz -Ul- Haq | Member |
| (15) | Mr. Hussain Ellahi | Member |
| (16) | Mr. Shehryar Khan Afridi | Member |
| (17) | Mr. Mohammad Jamal Ahsan Khan | Member |
| (18) | Mr. Nisar Ahmed | Member |
| (19) | Syed Mohsin Raza Naqvi<br>Minister for Interior and Narcotics Control | *Ex-officio* Member |

3. The Committee considered the Bill, as introduced in the National Assembly, placed at **'Annexure-'A'**, in its meeting held on the 27th January, 2026 and proposed the following amendments, therein:-

**1.** **Clause 2**

In clause 2, in paragraph (c), for sub-paragraph (i), the following shall be substituted, namely:-

"(i) for the expression "upon obtaining the senior citizen card", the expression ", namely:-" shall be substituted;" and

**2.** **Clause 3**

Clause 3 shall be omitted.

4. The Committee recommended that the Bill as reported by the Standing Committee, placed at **'Annexure-'B'**, may be passed by the Assembly.

Sd/-
**(Saeed Ahmed Maitla)**
Acting Secretary
*Islamabad, the 12th February, 2026*

Sd/-
**(Raja Khurram Shahzad Nawaz)**
Chairman

**Annexure-A**

**[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]**

**A**

**BILL**

*to amend the Islamabad Capital Territory Senior Citizens Act, 2021*

**WHEREAS** it is expedient to amend the Islamabad Capital Territory Senior Citizens Act, 2021 (IX of 2021), for the purpose hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement**.- (1) This Act may be called the Islamabad Capital Territory Senior Citizens (Amendment) Bill, 2025.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 11, Act IX of 2021**.- In the Islamabad Capital Territory Senior Citizens Act, 2021 (IX of 2021), hereinafter referred to the said Act, in section 11.-

(a) in sub-section (1), for the expression "apply for", the expression "use his valid Computerized National Identity Card (CNIC) as" shall be substituted;

(b) sub-section (2), shall be omitted; and

(c) in sub-section (3).-

(i) the expression "upon obtaining the senior citizen card", shall be omitted;

(ii) in paragraph (d), in sub paragraph (iii), for the expression "maximum concession in", the expression "free of charge", shall be substituted; and

(iii) in paragraph (e), for the expression "twenty", the expression "twenty five", shall be substituted.

3. **Amendment of section 25, Act IX of 2021.-** In the said Act, in section 25, after the expression "purposes of this Act,", the expression "within six months of the commencement of the Islamabad Capital Territory Senior Citizens (Amendment) Act, 2025 (Act No.            2025)" shall be inserted.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Islamabad Capital Territory Senior Citizens Act, enacted in 2021, aims to socially and economically protect the senior citizens of Islamabad, emphasizing the state's duty to offer protection and financial assistance to them. Despite the Act's provisions, the necessary rules

have yet to be framed, and Council have to be established. Consequently, many senior citizens are still not receiving the privileges promised by the Act.

According to the last census, nearly 15 million individuals aged over 60 reside in Pakistan, accounting for 7% of the nation's total population. This figure is projected to double to 12% by 2050, resulting in an estimated 40 million seniors. The elderly face several significant challenges, including poverty, abuse within families, inadequate state-sponsored social security, and health issues. These challenges are often tied to their economic dependency on others.

To address these pressing issues, it is propose that the government grant at least a 25% concession on travel fares for senior citizens and provide free medical services across all government medical institutions and make the necessary rules without any further delay.

This Bill is set forth to achieve these critical objectives.

**SD/-**
**MS. SHARMILA SAHIBA FARUQUI HASHAAM**
Member, National Assembly

Annexure-B

[AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]

A

**BILL**

*to amend the Islamabad Capital Territory Senior Citizens Act, 2021*

**WHEREAS** it is expedient to amend the Islamabad Capital Territory Senior Citizens Act, 2021 (IX of 2021), for the purpose hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

**1. Short title and commencement.-** (1) This Act may be called the Islamabad Capital Territory Senior Citizens (Amendment) Bill, 2026.

(2) It shall come into force at once.

**2. Amendment of section 11, Act IX of 2021.-** In the Islamabad Capital Territory Senior Citizens Act, 2021 (IX of 2021), in section 11.-

(a) in sub-section (1), for the expression "apply for", the expression "use his valid Computerized National Identity Card (CNIC) as" shall be substituted;

(b) sub-section (2), shall be omitted; and

(c) in sub-section (3).-

(i) for the expression "upon obtaining the senior citizen card", the expression ", namely:-" shall be substituted;

(ii) in paragraph (d), in sub paragraph (iii), for the expression "maximum concession in", the expression "free of charge", shall be substituted; and

(iii) in paragraph (e), for the expression "twenty", the expression "twenty five" shall be substituted.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Islamabad Capital Territory Senior Citizens Act, enacted in 2021, aims to socially and economically protect the senior citizens of Islamabad, emphasizing the state's duty to offer protection and financial assistance to them. Despite the Act's provisions, the necessary rules

have yet to be framed, and Council have to be established. Consequently, many senior citizens are still not receiving the privileges promised by the Act.

According to the last census, nearly 15 million individuals aged over 60 reside in Pakistan, accounting for 7% of the nation's total population. This figure is projected to double to 12% by 2050, resulting in an estimated 40 million seniors. The elderly face several significant challenges, including poverty, abuse within families, inadequate state-sponsored social security, and health issues. These challenges are often tied to their economic dependency on others.

To address these pressing issues, it is propose that the government grant at least a 25% concession on travel fares for senior citizens and provide free medical services across all government medical institutions and make the necessary rules without any further delay.

This Bill is set forth to achieve these critical objectives.

**SD/-**
**MS. SHARMILA SAHIBA FARUQUI HASHAAM**
Member, National Assembly

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## علاقہ دارالحکومت اسلام آباد کے بزرگ شہری (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء پر قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات کی رپورٹ

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ وانسداد منشیات ۱۳ مئی، ۲۰۲۵ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ علاقہ دارالحکومت اسلام آباد کے بزرگ شہری ایکٹ، ۲۰۲۱ء میں ترمیم کرنے کے بل [علاقہ دارالحکومت اسلام آباد کے بزرگ شہری (ترمیمی) بل ۲۰۲۵ء] (نجی رکن کا بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ قائمہ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | راجہ خرم شہزاد نواز | چیئرمین |
| ۲۔ | جناب انجم عقیل خان | رکن |
| ۳۔ | چوہدری نصیر احمد عباس | رکن |
| ۴۔ | سیدہ نوشین افتخار | رکن |
| ۵۔ | ملک شاکر بشیر اعوان | رکن |
| ۶۔ | چوہدری محمد شہباز بابر | رکن |
| ۷۔ | حاجی جمال شاہ کاکڑ | رکن |
| ۸۔ | سید رفیع اللہ | رکن |
| ۹۔ | سردار نبیل احمد گبول | رکن |
| ۱۰۔ | جناب عبدالقادر پٹیل | رکن |
| ۱۱۔ | نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی | رکن |
| ۱۲۔ | خواجہ اظہار الحسن | رکن |
| ۱۳۔ | محترمہ رعنا انصار | رکن |
| ۱۴۔ | جناب محمد اعجاز الحق | رکن |
| ۱۵۔ | جناب حسین الٰہی | رکن |
| ۱۶۔ | جناب شہریار خان آفریدی | رکن |
| ۱۷۔ | جناب محمد جمال احسن خان | رکن |
| ۱۸۔ | جناب نثار احمد | رکن |
| ۱۹۔ | سید محسن رضا نقوی<br>وزیر برائے داخلہ وانسداد منشیات | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۲۷ جنوری، ۲۰۲۶ء کو منعقدہ اپنے اجلاس میں 'منسلکہ۔'الف' کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا اور اس میں حسب ذیل ترامیم تجویز کیں:۔

۱۔ **شق ۲**

شق ۲ میں، پیرا (ج) میں، ذیلی پیرا (i) کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(i) عبارت "بزرگ شہری کارڈ حاصل کرنے پر" کو لفظ "یعنی:۔" سے تبدیل کر دیا جائے گا؛" اور

۲۔ **شق ۳**

شق ۳ حذف کی دی جائے گی۔

۴۔ کمیٹی نے سفارش کی کہ اسمبلی 'منسلکہ۔ب' کے طور پر قائمہ کمیٹی کی جانب سے رپورٹ کردہ بل کو منظور کر دے۔

دستخط/۔
(سعید احمد میتلا)
قائم مقام سیکرٹری
اسلام آباد، ۱۲ فروری، ۲۰۲۶ء

دستخط/۔
(راجہ خرم شہزاد نواز)
چیئرمین

مسلکہ۔الف

## [قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

علاقہ دارالحکومت اسلام آباد کے بزرگ شہری ایکٹ، ۲۰۲۱ء میں ترمیم کرنے کا بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کیلئے علاقہ دارالحکومت اسلام آباد کے بزرگ شہری ایکٹ ۲۰۲۱ء (نمبر ۹ بابت ۲۰۲۱ء) میں ترمیم کی جائے۔

بذریعہ ہذا حسبِ ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:-

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ۔** (۱) یہ ایکٹ علاقہ دارالحکومت اسلام آباد کے بزرگ شہری (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ ۹ بابت ۲۰۲۱ء، دفعہ ۱۱ کی ترمیم۔** علاقہ دارالحکومت اسلام آباد کے بزرگ شہری ایکٹ ۲۰۲۱ء (نمبر ۹ بابت ۲۰۲۱ء) جس کا بعد ازیں مذکورہ ایکٹ کے طور پر حوالہ دیا گیا ہے، میں دفعہ ۱۱ میں:

(الف) ذیلی دفعہ (۱) میں عبارت "کے لیے درخواست دے گا" کو عبارت "اپنے کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) کو استعمال کرے" سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(ب) ذیلی دفعہ (۲) کو حذف کر دیا جائے گا؛ اور

(ج) ذیلی دفعہ (۳) میں:

i) عبارت "بزرگ شہری کارڈ حاصل کرنے پر" حذف کر دی جائے گی؛

ii) پیرا (د) میں، ذیلی پیرا (iii) میں عبارت "میں زیادہ سے زیادہ رعایت" کو عبارت "بلا معاوضہ" سے تبدیل کر دیا جائے گا؛ اور

iii) پیرا (ہ) میں لفظ "بیس" کو لفظ "پچیس" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۳۔ **ایکٹ نمبر ۹ بابت ۲۰۲۱ء، دفعہ ۲۵ کی ترمیم۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۲۵ میں عبارت "ایکٹ ہذا کے مقاصد" کے بعد عبارت "علاقہ دارالحکومت اسلام آباد کے بزرگ شہری (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۵ء (ایکٹ نمبر - بابت ۲۰۲۵ء) کے آغازِ نفاذ کے چھ ماہ کے اندر" شامل کر دی جائے گی۔

## بیان اغراض و وجوہ

علاقہ دارالحکومت اسلام آباد کے بزرگ شہری ایکٹ، کا نفاذ ۲۰۲۱ء میں عمل میں لایا گیا جس کا مقصد اسلام آباد کے بزرگ شہریوں کو سماجی و معاشی تحفظ فراہم کرنا ہے، ایکٹ ہذا ریاست کے اس فرض پر زور دیتا ہے کہ وہ انہیں تحفظ اور مالی امداد فراہم کرے۔ ایکٹ کی تصریحات کے باوجود، ضروری قواعد ہنوز وضع کئے جانے ہیں اور کونسل قائم کی جانی ہے۔ نتیجتاً، کئی بزرگ شہریوں کو ایکٹ کے تحت صراحت کردہ مراعات ابھی تک نہیں دی جارہی ہیں۔

گزشتہ مردم شماری کے مطابق ۶۰ سال سے زائد عمر کے تقریباً ۱۵ ملین افراد پاکستان میں مقیم ہیں، جو ملک کی کل آبادی کا ۷ فیصد ہیں۔ یہ تعداد ۲۰۵۰ تک دوگنا ہوکر ۱۲ فیصد ہونے کا امکان ہے جس کے نتیجے میں ۴۰ ملین عمر رسیدہ افراد کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ بزرگ شہریوں کو کئی اہم چیلنجوں کا سامنا ہے، جن میں غربت، گھریلو تشدد، ریاست کی جانب سے ناکافی سماجی تحفظ، اور صحت کے مسائل شامل ہیں۔ ان چیلنجوں کے باعث اکثر اوقات انہیں دوسروں پر معاشی انحصار کرنا پڑتا ہے۔

ان اہم مسائل کو حل کرنے کے لیے تجویز کیا جاتا ہے کہ حکومت بزرگ شہریوں کے لیے سفری کرایوں میں کم از کم ۲۵ فیصد رعایت دے اور انہیں تمام سرکاری طبی اداروں میں مفت طبی خدمات فراہم کی جائیں اور بغیر کسی تاخیر کے ضروری قواعد وضع کئے جائیں۔

بل ہذا کا مقصد مذکورہ بالا اہم مقاصد کا حصول ہے۔

دستخط/-

**محترمہ شرمیلا صاحبہ فاروقی ہشام**

رکن قومی اسمبلی

منسلکہ۔ب

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

علاقہ دارالحکومت اسلام آباد بزرگ شہری ایکٹ، ۲۰۲۱ء میں ترمیم کرنے کا بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کیلئے علاقہ دارالحکومت، اسلام آباد بزرگ شہری ایکٹ ۲۰۲۱ء (نمبر ۹ بابت ۲۰۲۱ء) میں ترمیم کی جائے۔

لہٰذا حسبِ ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:-

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ۔** (۱) یہ ایکٹ علاقہ دارالحکومت، اسلام آباد بزرگ شہری (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ ۹ بابت ۲۰۲۱ء، دفعہ ۱۱ کی ترمیم۔** علاقہ دارالحکومت اسلام آباد بزرگ شہری ایکٹ ۲۰۲۱ء (نمبر ۹ بابت ۲۰۲۱ء) کی دفعہ ۱۱ میں:

(الف) ذیلی دفعہ (۱) میں الفاظ "درخواست دے گا" کو الفاظ "اپنے کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کو استعمال کرے" سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(ب) ذیلی دفعہ (۲) کو حذف کر دیا جائے گا؛ اور

(ج) ذیلی دفعہ (۳) میں۔-

(i) عبارت "بزرگ شہری کارڈ حاصل کرنے پر" کو لفظ "یعنی" سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(ii) پیرا (د) میں، ذیلی پیرا (iii) میں الفاظ "میں زیادہ سے زیادہ رعایت" کو لفظ "مفت" سے تبدیل کر دیا جائے گا؛ نیز

(iii) پیرا (ہ) میں لفظ "بیس" کو لفظ "پچیس" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

## بیان اغراض و وجوہ

علاقہ دارالحکومت اسلام آباد بزرگ شہری ایکٹ کا نفاذ ۲۰۲۱ء میں عمل میں لایا گیا جس کا مقصد اسلام آباد کے بزرگ شہریوں کو سماجی و معاشی طور پر تحفظ فراہم کرنا ہے جو ریاست کے اس فرض پر زور دیتا ہے کہ وہ انہیں تحفظ اور مالی امداد فراہم کرے۔ ایکٹ کی تصریحات کے باوجود، ضروری قواعد ہنوز وضع کئے جانے ہیں اور کونسل قائم کی جانی ہے۔ نتیجتاً، کئی بزرگ شہریوں کو ایکٹ کے تحت وعدہ کردہ مراعات ابھی تک مل نہیں پا رہی ہیں۔

گزشتہ مردم شماری کے مطابق ۶۰ سال سے زائد عمر کے تقریباً ۱۵ ملین افراد پاکستان میں مقیم ہیں، جو ملک کی کل آبادی کا ۷ فیصد بنتے ہیں۔ یہ تعداد ۲۰۵۰ تک دوگنا ہو کر ۱۲ فیصد ہونے کا امکان ہے جس کے نتیجے میں ۴۰ ملین عمر رسیدہ افراد کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ عمر رسیدہ افراد کو کئی بڑے چیلنجوں کا سامنا ہے، جن میں غربت، گھروں میں بد سلوکی، ریاست کی جانب سے ناکافی سماجی تحفظ، اور صحت کے مسائل شامل ہیں۔ یہ چیلنج اکثر دوسروں پر ان کے معاشی انحصار سے منسلک ہوتے ہیں۔

ان اہم مسائل کو حل کرنے کے لیے تجویز کیا جاتا ہے کہ حکومت عمر رسیدہ شہریوں کے لیے سفری کرایوں میں کم از کم ۲۵ فیصد رعایت دے اور انہیں تمام سرکاری طبی اداروں میں مفت طبی خدمات فراہم کی جائیں اور بغیر کسی تاخیر کے ضروری قواعد وضع کئے جائیں۔

بل ہٰذا کا مقصد مذکورہ بالا اہم مقاصد کا حصول ہے۔

دستخط/-

**محترمہ شرمیلا صاحبہ فاروقی ہشام**

رکن قومی اسمبلی